اپنے خواب از سید کاظم علی صاحب دہلوی تقطیع خورد ضخامت ۲۰۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد دو روپیہ:۔ منیجر رسالہ کہکشاں گلی شاہ تارا دہلی۔

سید کاظم علی صاحب اردو کے شگفتہ قلم افسانہ نگار ہیں، بیگمات کی ٹکسالی زبان لکھتے ہیں۔ واقعات زیادہ تر معاشرتی اور اصلاحی ہوتے ہیں جن میں ہماری روزمرہ کی زندگی کے نقشے صحیح رنگوں کے ساتھ زیر نظر آتے ہیں۔ موصوف کے افسانوں کا پہلا مجموعہ" دلی کی باتیں" شائع ہوکر مقبول ہوچکا ہے امید ہے کہ یہ افسانے بھی بنگاہ پسندیدگی دیکھے جائیں گے۔ ان افسانوں کی زبان اوران کا انداز بیان ان ترقی پسند ادیبوں کے لئے ایک کھلا چیلنج ہے جو زمین آسمان کے قلابے ملاتے ہیں لیکن زبان میں کوئی لوچ اور گھلاوٹ نہیں پیدا کرسکتے۔

نکہت از قیسی صاحب رامپوری تقطیع خورد ضخامت ۲۴۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر کاغذ چکنا بادامی قیمت مجلد ۸/عہ پتہ:۔ کتب خانہ علم وادب جامع مسجد دہلی۔

قیسی صاحب اردو کے روشناس لکھنے والوں میں سے ہیں۔ یہ کتاب ان کا ایک مسلسل ناول ہے جس کا قصہ دلچسپ اور رومانوی ہے، زبان صاف ستھری اور سلیس ہے لیکن قیسی صاحب نے جہاں جہاں سنجیدہ اور متین عبارتوں میں ظرافت کا رنگ بھرنے کے لئے بعض شوخ یا ناموزوں الفاظ لکھدیئے ہیں اون کی وجہ سے مخمل پر ٹاٹ کے پیوند کا گمان گذرنے لگتا ہے۔ پھر جہاں دیہاتیوں کی بولی بولنے کی کوشش کی گئی ہے وہاں بھی نقل مطابق اصل نہیں ہوسکی ہے۔ علاوہ بریں کتاب میں کتابت وطباعت کی غلطیاں کثرت سے رہ گئی ہیں۔ جن کی وجہ سے پڑھنے والے کے کیف مطالعہ کا تسلسل باقی نہیں رہ سکتا۔

تنویر صبر از سکندر بخت صاحب تقطیع خورد ضخامت ۸۴ صفحات کتابت وطباعت عمدہ قیمت عہ پتہ:۔ غلام دستگیر صاحب تاجر کتب عابد روڈ، حیدرآباد دکن۔

اس رسالے میں از روئے قرآن وحدیث یہ بتایا گیا ہے کہ صبر کے حقیقی معنی کیا ہیں۔ فلسفۂ اخلاق